سوال

(182) یہ رسومات بدعات اور غلو کے ذیل میں آتی ہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

یہاں تنزانیہ میں ہم لوگ کھانے کی دعوت کرتے ہیں اور شہر میں ایک خاص مقام پر جمع ہوتے ہیں اور کہتے ہیں ''یہ زیارت طریقہ قادریہ کے شیخ عبدالقادر جیلانی کی طرف سے ہے۔'' توکیا یہ کام بدعتہے یا سنت ہے؟ اورکیا اس میں کوئی حرج یا گناہ کی بات ہے؟ کیونکہ ہم کسی مسجد کو اس وقت آباد نہیں کرتے جب تک یہ ''زیارت'' ادانہ کرلی جائے اور میلاد نہ پڑھ لیا جائے یعنی اس مقصد کےلئے باقاعدہ ایک بڑی تقریب منعقد کی جاتی ہے توکیا ان کاموں میں کوئی حرج ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور سلف صالحین z کے دور میں کسی فوت ہونے والے نیک آدمی کےلئے اس طرح کی دعوتیں نہیں ہوتی تھیں، نہ کسی صحابی یا بعد کے بزرگ نے حیات طیبہ کے دوران یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی رحلت کے بعد میلاد منایا نہ آپ کے نام سے کھانے کا اہتمام کیا۔ لہٰذا جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یا کسی اورولی یا لیڈر کے یوم پیدائش پر تقریب منعقد کرنا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی میلاد کے متعلق جوکچھ لکھا گیا ہے وہ پڑھنا، یا ولادت نبوی کے ذکر کے وقت کھڑا ہوجانا اور یہ سمجھنا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے ہیں اور ولادت نبوی کی خوشی میں یا شیخ عبدالقادر رحمہ اللہ یا دیگر بزرگوں کی ولادت کی خوشی میں تقریبات منعقد کرانا اور کھانا کھلانا یہ سب غلط کام ہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے احترام اور محبت کا طریقہ تو یہ ہے کہ آپ کی اتباع کی جائے اور آپ کی شریعت پر عمل کیا جائے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

قُلْ إِن كُنتُمْ تُحِبُّونَ اللَّهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللَّهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (آل عمران ۳۔ ۳۱)

''(اے پیغمبر!) فرمادیجئے اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری اتباع کرو، اللہ تم سے محبت کرے گا اور تمہارے گناہ معاف کردے گا اور اللہ تعالیٰ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔''

بزرگوں کے احترام اور ان سے محبت کا طریقہ بھی یہی ہے کہ ان کے جو کام جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت اور طریقے کے مطابق ہوں، ان میں ان کی پیروی کی جائے۔

لہٰذا مسلمانوں کا فرض ہے کہ اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین کے طریقے پر عمل پیرا ہوں، ان کے نقش قدم پر چلیں، بزرگوں کی حد سے زیادہ تعریف اور غلو سے پرہیز کریں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

(لَا تُطْرُونِي كَمَا أَطْرَتِ النَّصَارَى ابْنَ مَرْيَمَ فَإِنَّمَا أَنَا عَبْدٌ فَقُولُوا عَبْدُ اللَّهِ وَرَسُولُهُ)

''مجھے حد سے نہ بڑھانا جس طرح انصاریٰ نے حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کو حد سے بڑھا دیا تھا۔ میں صرف ایک بندہ ہوں لہٰذا اللہ کا بندہ اور رسول ہی کہو۔'' [1]

اور فرمایا:

(اِیَّاکُم وَالْغُلُوَّفِی الدِّینِ فَاِنَّمَا اَھلَکَ مَن کَان قَبلَکُم الغُلُوَّ)

''دین میں غلو سے بچو۔ تم سے پہلے لوگوں کو غلو نے ہی تباہ کیا تھا۔''

وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْقُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی نَبِیَّنَا مُحَمَّدٍ وَآلِہ وَصَحْبِہ وَسَلَّمَ

اللجنۃ الدائمۃ۔ رکن: عبداللہ بن قعود، عبداللہ بن غدیان، نائب صدر: عبدالرزاق عفیفی، صدر عبدالعزیز بن باز فتویٰ (۳۸٦٧)

---

[1] صحیح بخاری حدیث نمبر: ۳۴۴۵، ٦٨۳٠۔ مسند احمد ج: ١، ص: ٢۳، ۳۴، ۴٧، ۵۵۔ مسند دارمی حدیث نمبر: ٢٧٨٧

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ابن باز رحمہ اللہ

جلددوم-صفحہ 191

محدث فتویٰ